# وزیر مملکت برائے خارجہ امور جناب وی مرلیدھرن کا دورہ شام (12-13 جولائی 2023)

11جولائی 2023

امور خارجہ اور پارلیمانی امور کے وزیر مملکت جناب وی مرلیدھرن 12 سے 13 جولائی 2023 تک شامی عرب جمہوریہ کا سرکاری دورہ کریں گے۔ اگست 2016 کے بعد ہندوستان کی جانب سے شام کا یہ پہلا وزارتی سطح کا اور شری وی مرلیدھرن کا ملک کا پہلا دورہ دورہ ہوگا۔

2۔ دورے کے دوران، امکان ہے کہ وزیر مملکت مرلیدھرن دارالحکومت دمشق میں شامی قیادت سے ملاقات کریں گے تاکہ وسیع پیمانے پر بات چیت ہو سکے۔ وہ شامی طلباء کے ایک گروپ سے بھی بات چیت کریں گے جنہوں نے حکومت ہند کی اسکالرشپ اسکیم کے تحت تعلیم حاصل کی ہے یا ہندوستان میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے آگے بڑھ رہے ہیں۔ وزیر مملکت کی شامی آرتھوڈوکس چرچ کے عہدیداروں سے بھی ملاقات متوقع ہے۔

.3۔ ہندوستان اور شام نے روایتی طور پر گرمجوشی اور دوستانہ تعلقات کا لطف اٹھایا ہے جس کی بنیاد عوام سے عوام کے گہرے تعلقات پر مبنی ہے۔ ہندوستان نے شام میں تنازع کے دوران شام میں اپنا سفارت خانہ برقرار رکھا ہے۔ طلباء، تاجروں اور مریضوں کی ایک بڑی تعداد بھارت کا سفر کرتی ہے۔ ہندوستان نے آئی ٹی ای سی پروگرام کے تحت اسکالرشپ اسکیموں اور تربیتی کورسوں کے ذریعے گذشتہ برسوں میں شامی نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافے میں بہت زیادہ تعاون کیا ہے۔

4۔ توقع ہے کہ اس دورے سے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔

**نئی دہلی**
**11 2023 جولائی**